SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

May 10, 2018

For immediate release

ایس ای سی پی اور ون لنک کے مابین معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (مئی 10) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور ون لنک (گارنٹی) لمیٹڈ کے مابین جمعرات کو ایک معاہدے پر دستخط کئے گئے جس کے تحت ایس ای سی پی کے صارفین کے لئے اے ٹی ایم اور انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعے فیسوں کی ادائیگی کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ یہ سہولت پاکستان میں نئے کاروبار کی بطور کمپنی رجسٹریشن اور بعد کے مراحل میں سہولت اور آسانی فراہم کرنے کے لئے کی جانے والی اصلاحات میں اہم سنگ میل ہے۔

ایس ای سی پی کے کمشنر طاہر محمود اور ون لنک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نجیب آگرہ والا نے ایس ای سی پی کی صدر دفتر میں منعقد تقریب میں معاہدے پر دستخط کئے۔ تقریب میں دونوں اداروں کے سینئر عہدے داروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر طاہر محمود نے کہا کہ ایس ای سی پی نے نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کو آسان بنانے اور سرمایہ کاروں کو بہتر سے بہتر سہولتیں فراہم کرنے کے لئے کئی اصلاحات متعارف کروائی ہیں جن سے ملک میں کارپوریٹ سیکٹر کے حجم میں اضافہ ہوا، کاروباری شعبے کی گورننس بہتر ہوئی اور ساتھ ساتھ معیشت کو دستاویزی شکل دینے میں بھی معاون و مدد گار ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ کمپنیوں کی فیسوں کی ادائیگی کے لئے اے ٹی ایم یا آن لائن سہولت کی فراہمی سے کمپنیوں کی رجسٹریشن اور رجسٹریشن کے بعد کے کمپنی لا کے تقاضوں کو پورا کرنا بہت آسان ہو جائے گا۔ اس سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کا وقت مزید کم اور آسان ہو جائے گا۔

اس موقع پر ون لنک کے سی ای او نجیب آگرہ والا نے کہا کہ انہیں ملک میں ون لنک کے سسٹم کی ایس ای سی پی کی ای سروسز کے ساتھ انٹگریشن سے ملک کا مالیاتی انفراسٹکچر ڈیجیٹل ہو جائے گا اور کارپوریٹ سیکٹر کے مزید فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ایس ای سی پی کی فیسوں کی آن لائن یا اے ٹی ایم سے ادائیگی کے مجوزہ نظام کے مطابق ون لنک سے منسلک بینک اپنے بِلنگ ماڈیول میں ایس ای سی پی کا اضافہ کریں گے جس کے لئے ون لنک ضروری ڈیجیٹل انٹرفیس فراہم کرے گا۔ اس سسٹم کے آپریشنل ہونے کے بعد ایس ای سی پی کی ای سروسز میں رجسٹرڈ صارفین ایس ای سی پی کی فیس اپنے آن لائن اکاؤنٹ یا اے ٹی ایم سے ادا کر سکیں گے۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Direct # +92 51 9214005 Fax # +92 51 9206515 Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk